**13.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

.......................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ممبئی میں 29 ہزار کروڑ روپئے کی مالیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔

☆ اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں کانگریس اور TMC نے چار-چار، BJP نے دو اور عام آدمی پارٹی اور DMK نے ایک-ایک سیٹ جیتی ہیں۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے مائیگریشن کی روک تھام کیلئے سرحدی گاؤں میں روزگار کے مواقع بڑھانے اور کنیکٹی ویٹی پر زور دیا ہے۔

☆ محکمۂ موسمیات نے مغربی ساحل اور اِس سے ملحق وسطی بھارت میں زبردست بھارت کی پیشگوئی کی ہے۔ کونکن مہاراشٹر میں انتہائی تیز بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

☆ ٹو-ٹوینٹی کرکٹ میں بھارت نے پانچ میچوں کی سیریز میں زمبابوے کو 10 وکٹ سے ہرا کر تین-ایک کی ناقابل شکست سبقت حاصل کرلی ہے۔

☆ اور ومبلڈن ٹینس میں چیک جمہوریہ کی Barbora Krejcikova نے Jasmini Paolini کو ہرا کر خواتین کا سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

.......................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## PM Mumbai Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ NDA کی حکومت کے ترقی کا ماڈل معاشرے کے غیرمراعات یافتہ طبقات کو ترجیح دیتا ہے۔ ممبئی میں 29 ہزار 400 کروڑ روپئے کی مالیت کے مختلف سڑک اور ریل پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے، آغاز کرنے اور سنگ بنیاد رکھنے کے بعد اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی حکومت اُن لوگوں کو ترجیح دے رہی ہے جنھیں کئی دہائیوں سے نظر انداز کیا گیا تھا۔

اِن پروجیکٹوں میں تھانے بوری ولی ٹنل، گورے گاؤں ملند لنک روڈ، کلیان یارڈ کی تعمیر نو اور نوی ممبئی کے تربھے میں گتی شکتی ملٹی Modal کارگو ٹرمنل شامل ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ NDA حکومت غریب، کسان، خواتین، نوجوان اور معاشرے کے حاشیے پر رہنے والے دیگر طبقات کو بااختیار بنانے کیلئے کام کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ آج ممبئی میں جن ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا گیا ہے اُن سے کنیکٹی ویٹی بڑھے گی، شہر کے بنیادی ڈھانچے میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور یہاں کے شہریوں کو بے پناہ فائدہ حاصل ہوگا۔

S/B 2100 PM Projects

ممبئی میں سرمایہ کاروں کے بارے میں بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ چھوٹے اور بڑے دونوں ہی سرمایہ کاروں نے حکومت کی تیسری مدت کا پُرجوش طریقے سے خیرمقدم کیا ہے۔

وزیر اعظم نے مہاراشٹر حکومت کی چیف منسٹر نوجوانوں کی انٹرن شپ اسکیم کا افتتاح بھی کیا جس کا مقصد نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ہے۔

S/B 2100 PM Internship

اِس موقع پر مہاراشٹر کے گورنر رمیش Bais، وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلیٰ دویندر فرنویس اور اجیت پوار، مرکزی وزیر پیوش گوئل اور رام داس اٹھاولے اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔x

## BY Polls Results

بدھ کے روز سات ریاستوں کی 13 اسمبلی سیٹوں پر ہوئے ضمنی چناؤ میں کانگریس اور آل انڈیا ترنمول کانگریس نے چار-چار سیٹیں جیت لی ہیں۔ BJP امیدواروں نے دو جبکہ عام آدمی پارٹی اور DMK نے ایک-ایک سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے۔ بہار میں آزاد امیدوار شنکر سنگھ نے اپنے قریبی حریف اور جنتا دَل یونائیٹڈ کے کالادھر پرساد منڈل کو آٹھ ہزار 246 ووٹوں سے ہرا کر روپولی سیٹ جیت لی ہے۔ پنجاب میں برسر اقتدار عام آدمی پارٹی نے جالندھر ویسٹ ریزرو اسمبلی سیٹ جیت لی ہے۔ ہماچل پردیش میں حکمراں کانگریس نے Dehra اور نالا گڑھ اسمبلی سیٹیں جیت لیں ہیں جبکہ BJP کو ہمیر پور اسمبلی حلقے میں کامیابی ملی ہے۔ مغربی بنگال میں برسراقتدار آل انڈیا ترنمول کانگریس نے رائے گنج، رانا گھاٹ دکشن، Maniktala اور Bagda سیٹیں جیت لی ہیں۔

اتراکھنڈ کی بدری ناتھ اور اور منگلور سیٹوں پر کانگریس امیدوار کامیاب ہوئے ہیں۔ مدھیہ پردیش میں BJP امیدوار کملیش پرتاپ شاہ نے امرواڑہ سیٹ جیت لی ہے۔x

## Shah Vibrant Village

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں درخشاں گاؤں سے متعلق پروگرام کے نفاذ کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران جناب شاہ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے زیر قیادت حکومت سرحدی گاؤوں کی مجموعی ترقی کی خاطر پُرعزم ہے۔ جناب شاہ نے مقامی باشندوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور اِن

سرحدی گاؤں سے نقل مکانی کی روک تھام کیلئے کنیکٹی ویٹی بڑھائے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ سرحدی گاؤں کے اطراف تعینات مرکزی مسلح پولیس افواج اور فوج کو امداد باہمی کے اداروں کے ذریعے مقامی، زرعی اور دستکاری اشیا کی خریداری کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔ انھوں نے کہا کہ فوج اور مرکزی مسلح پولیس افواج کیلئے دستیاب صحت خدمات کا فائدہ نزدیک کے گاؤں کے باشندوں کو بھی مسلسل طور پر ہونا چاہئے۔

انھوں نے کہا کہ اِن گاؤں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی خاطر مرکزی حکومت کی جانب سے 6 ہزار سے زیادہ پرجیکٹوں کی منظوری دی جاچکی ہے۔ درخشاں گاؤں سے متعلق پروگرام کے تحت 136 سرحدی گاؤں کو سبھی موسموں میں کارگر 113 سڑک پروجیکٹوں کے ذریعے کنیکٹی ویٹی فراہم کی گئی، جس کی لاگت 2 ہزار 420 کروڑ روپئے ہے۔ ان سبھی گاؤں میں اقتصادی صورتحال کو یقینی بنانے کیلئے مناسب اقدامات بھی کئے گئے ہیں اور انڈیا پوسٹ پیمنٹ بینک کی سہولت بھی یہاں دستیاب ہے۔x

## UP CJI

بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ نے کہا ہے کہ اگر قانون کے اصولوں کو سادہ اصطلاحات میں عوام کیلئے واضح نہیں کیا جاسکتا تو اس کا مطلب یہ کہ قانونی پیشے اور قانون کی تعلیم میں کمی پائی جاتی ہے۔ لکھنؤ میں ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نیشنل لاء یونیورسٹی کی تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے بھارت کے چیف جسٹس نے زور دے کر کہا کہ قانون کی تدریس علاقائی زبانوں میں ہونی چاہئے۔ اس موقع پر انھوں نے یہ بھی کہا کہ قانون کی تدریس میں ہمیں علاقائی زبانوں کو شامل کرنے پر غور کرنا چاہئے۔ علاقائی معاملات سے متعلق قوانین بھی ہماری یونیورسٹیوں میں پڑھائے جانے چاہئیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کے چیف جسٹس کی حیثیت سے انصاف کے عمل کو عام آدمی تک زیادہ قابل رسائی بنانے کی غرض سے انھوں نے کئی ہدایات جاری کی ہیں۔

مثال کے طور پر سپریم کورٹ کے انگریزی میں فراہم کردہ فیصلوں کو کئی اُن مختلف زبانوں میں ترجمہ کرکے پیش کیا جارہا ہے جنھیں بھارت کے آئین نے تسلیم کیا ہے۔ اس طرح عوام، اِن فیصلوں کے مشمولات کو سمجھ سکیں گے۔

S/B 2100 Chandra Chud SJI

## Rajnath AIIMS

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کو آج دلّی کے AIIMS اسپتال سے چھٹی مل گئی ہے۔ انھیں بعض پریشانیوں کی وجہ سے جمعرات کو اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔x

## VP Cyber Security

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول سے اختراع کو فروغ حاصل ہوتا ہے، سرمایہ کاری بڑھتی ہے اور اقتصادی سرگرمیاں بلا رکاوٹ جاری رہتی ہیں۔ آج شام نئی دلّی میں عالمی انسداد دہشت

گردی کونسل کی جانب سے منعقدہ تیسری سائبر سکیورٹی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مکمل طور پر لیس سائبر سکیورٹی قیادت کی خاطر ایک ایسے طریقۂ کار کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا، جو امکانی سائبر حملوں سے نمٹنے میں کارگر ثابت ہو۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ رخنہ پیدا کرنے والی ٹیکنالوجی آج کل زیادہ نمایاں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اُن کی جانب سے پیش کیے جانے والے چیلنجوں کو مواقع میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ نائب صدر نے کہا کہ اِن ٹیکنالوجیوں کے بے شمار امکانات صرف اقتصادی امور، تجارت اور انفرادی سطح پر منافع تک محدود نہیں ہے۔ x

## Waves Summit

بھارت 20 سے 24 نومبر تک گوا میں عالمی سمعی، بصری اور تفریحی سمٹ منعقد کرے گا۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج اعلان کیا کہ بھارت اس سمٹ کی میزبانی کرے گا جو دنیا بھر کی میڈیا اور انٹرٹینمنٹ سے متعلق صنعت کیلئے ایک یادگار پروگرام ہوگا۔ نئی دلّی میں اِس سمٹ کے بارے میں ابتدائی معلومات فراہم کرتے ہوئے گوا کے وزیراعلیٰ پرمود ساونت کے ساتھ جناب ویشنو نے کہا کہ میڈیا اور انٹرٹینمنٹ کی دنیا میں ساختیاتی سطح پر تبدیلی رونما ہو رہی ہے اور اس میں بے پناہ ٹیکنالوجی شامل کی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس ساختیاتی تبدیلی کے بہترین حصے کو مزید بہتر بنانے کی غرض سے سرکاری پالیسی کی بڑی اہمیت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت اِس تبدیلی سے عہدہ برآ ہونے میں میڈیا اور انٹرٹینمنٹ کے مکمل نظام کو حمایت فراہم کرنے کی پابند عہد ہے۔

اس سے متعلق مواقع اور اُس کے ہدف کی حصولیابی کیلئے درکار کوششوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ میڈیا اور انٹرٹیمنٹ کے شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر توجہ کر رہی ہے اور باصلاحیت افراد کو فروغ کے مواقع فراہم کر رہی ہے۔x

## IMD Forecast

بھارتی موسمیات کے محکمے نے ناگالینڈ، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں کل شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ کونکن، گوا اور مدھیہ مہاراشٹر کے گھاٹ کے علاقے میں آج سے منگل کے روز تک انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے ساحلی کرناٹک اور کرناٹک کے جنوبی اندرونی حصے میں بھی کل اور پیر کے روز بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ تلنگانہ، مراٹھ واڑہ اور وِدربھ میں بھی پیر کو بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ x

## Gujarat Rains

جنوبی گجرات کے مختلف حصوں خاص طور سے نوساری اور ولساڈ اضلاع میں آج زبردست بارش ہوئی۔ موسلا دھار بارش کے بعد نوساری، ولساڈ اور نرمدا ضلعوں کے نشیبی علاقوں میں پانی بھر جانے کے سبب سڑک ٹریفک بھی متاثر ہوا۔

مزید تفصیل ہماری نامہ نگار سے......

VC- Aparna Khunt

آج جنوبی گجرات کے خطے میں دور دور تک بارش ریکارڈ کی گئی۔ نوساری ضلعے کے گندیوی میں دن میں سب سے زیادہ 6 انچ بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ کھیرگام، ولساڈ، واپی، چھِکلی اور امبر گاؤں میں 4 انچ بارش درج کی گئی۔ شدید بارش کے سبب نوساری ضلعے کے دیہی علاقوں میں تقریباً 40 سڑکیں بند کر دی گئیں۔ ولساڈ ضلعے میں کئی جگہوں پر پانی بھر جانے کی وجہ سے معمولاتِ زندگی پر اثر پڑا۔ ضلع میں مدھوبن باندھ اور دمن گنگا دریا میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔

اس دوران بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ پانچ دنوں میں ریاست میں گرج چمک کے ساتھ دور دور تک بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ساحلی اضلاع کے کئی حصوں میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔

احمد آباد سے اپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے اصغر علی

## Pakistan Imran

پاکستان کی ایک عدالت نے سابق وزیر اعظم عمران خان اور اُن کی اہلیہ کو غیرقانونی شادی کے الزامات سے بری کردیا ہے۔ اُن کی پارٹی اور اُن کے وکیل نے یہ اطلاع دی ہے۔ جناب خان اور اُن کی اہلیہ بشری خان کو فروری میں پاکستان میں انتخابات سے چند دن قبل سات سال قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ اُس وقت ایک عدالت نے اُنھیں اسلامی شریعت کی خلاف ورزی کا مجرم قرار پایا تھا کہ عمران خان کی اہلیہ بشریٰ اپنی سابقہ شادی کے بعد ہوئی طلاق اور عمران خان سے اپنی شادی کے درمیان درکار وقفے کی پابندی کرنے میں ناکام رہی تھیں۔ البتہ خان اب بھی جیل میں ہیں کیونکہ اِس ہفتے ایک عدالت نے اِن الزمات کے تحت اِن کی ضمانت کو منسوخ کردیا کہ انھوں نے مئی 2023 میں اپنے حامیوں کے ذریعے فسادات کو ہوا دی تھی۔

ان کی اہلیہ بشری بھی جیل ہی میں ہیں اور یہ واضح نہیں ہوسکا کہ اِنہیں کب رہا کیا جائے گا۔x

## Palestine Strike

فلسطین میں غزہ کے خان یونس کے المواسی علاقے میں بے گھر افراد کے گنجان آبادی والے علاقے پر اسرائیلی ہوائی حملے میں کم سے کم 71 افراد ہلاک ہوگئے۔ حماس کی وزارت صحت کے مطابق اس حملے میں 289 سے زیادہ افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ وہ اس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

اس درمیان اسرائیل کے فوج ریڈیو سے بتایا گیا ہے کہ اسرائیل کی فوج حماس ملٹری کے سربراہ محمد Deif کو نشانہ بناکر خان یونس پر حملہ کیا تھا۔ حالانکہ یہ واضح نہیں ہوسکا کہ حماس ملٹری کے سربراہ اس حملے میں ہلاک ہوئے یا نہیں۔ x

## Gujarat Chandipura Virus

گجرات میں سابر کانٹھا کے ہمّت نگر سول اسپتال میں مشتبہ چاندی پورہ وائرس انفیکشن کے علاج کے دوران 4 بچوں کی موت ہوگئی ہے۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے صحت محکمے کے چیف ضلع افسر راج Sutariya نے کہا کہ

اِسی اسپتال میں دو اور بچے زیر علاج ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِن سبھی بچوں کے خون کے نمونے تصدیق کیلئے وائرس کی جانچ سے متعلق قومی ادارے کو بھیج دیئے گئے ہیں اور رپورٹ کا انتظار ہے۔ x

## Cricket Result

ہرارے میں بھارت نے زمبابوے کو 10 وکٹ سے ہرا دیا ہے اور پانچ میچوں کی سیریز میں تین-ایک کی ناقابل شکست سبقت حاصل کرلی ہے۔ ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے ٹی ٹوئنٹی کے چوتھے میچ میں 20 اوورس میں زمبابوے کی پوری ٹیم 7 وکٹ پر 152 رن ہی بنا سکی۔ اس کے بعد جیسوال کے 93 اور گِل کے 58 رنوں کی بدولت 15 اوورس اور دو گیندوں میں بھارت نے 156 رن بناکر جیت حاصل کرلی۔ x

## Wimbledon Tennis

ومبلڈن ٹینس میں لندن میں آج شام چیک جمہوریہ کی Barbora Krejcikova نے اٹلی کی Jasmini Paolini کو چھ- دو، دو-چھ، چھ-چار سے ہرا کر خواتین کا سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

مردوں کے سنگلز میں سات مرتبہ چمپئن رہ چکے نوواک جوکووچ کا مقابلہ کل دفاعی چمپئن کارلوس الکراز سے ہوگا۔ سربیا کے جوکووچ نے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں کل رات اٹلی کے لاریزو کو چھ-سات، چھ-تین، چھ-چار، چھ-چار سے شکست دی۔

مردوں کے ڈبلز کے خطاب کیلئے برطانیہ اورفن لینڈ کی ہینری اور ہیری کی جوڑی کا مقابلہ آج شام آسٹریلیا کی میکس اور جورڈن کی جوڑی سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز میں کنیڈا کی گیبریلا اور نیوزی لینڈ کی اِرین کی جوڑی کا مقابلہ فائنل میں آج رات چیک جمہوریہ کی کیٹرینہ اور امریکہ کی ٹیلر کی جوڑی سے ہوگا۔

مکسڈ ڈبل فائنل میں پولینڈ اور تائیوان کی Jan اور سووِی کی جوڑی کا مقابلہ میکسکو کی سانتیاگو اور اولموس کی جوڑی سے کل ہوگا۔x

## Wrestlers Olympics

بھارت کے کُشتی کھلاڑی خواتین کے 53 کلو گرام زمرے میں اَنتم پانگھل اور مردوں کے 57 کلو گرام کے زمرے میں امن شراوت، 26 جولائی سے شروع ہونے والے پیرس اولمپک کھیل 2024 میں اپنے متعلقہ وزن کے زمروں میں درجہ بندی میں چوتھے اور چھٹے مقام پر ہیں۔ اولمپکس میں پہلی مرتبہ درجہ بندی کی جا رہی ہے، جس کے تحت وزن کے ہر زمرے میں سرفہرست 8 کھلاڑیوں کو موقع ملے گا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆